# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کا الیکشن کمیشن آف پاکستان کے انٹرا پارٹی انتخابات کالعدم قرار دینے کے فیصلہ پر رد عمل

الیکشن کمیشن آف پاکستان کا فیصلہ ادارے کے مسلسل متعصبانہ رویے کے تناظر میں توقعات کے عین مطابق ثابت ہوا۔

الیکشن کمیشن کے فیصلے نے پی ٹی آئی اور بالخصوص چیئرمین عمران خان کو انتخابات سے باہر رکھنے کی ریاستی سازش ایک بار پھر بے نقاب کر دیے،

فیصلے کا جائزہ لینے کے بعد آئینی قانونی اور سیاسی راستوں سے اس کے خلاف بھرپور چارہ جوئی کی جائے گی،

الیکشن کمیشن کے آج کے فیصلے میں انصاف کے تقاضوں کو صریحاً نہیں کیا گیا،

تحریک انصاف کو بھجوائے گئے نوٹس میں کمیشن کی جانب سے انٹرا پارٹی انتخابات کے غیر آئینی ہونے کے حوالے سے کوئی اعتراض نہیں اٹھایا گیا تھا،

الیکشن کمیشن نے بارہا درخواستوں کے باوجود انٹرا پارٹی انتخاب کے معاملے کو ایک مخصوص مقصد کے تحت بلا جواز التوا کا شکار کیے رکھا،

تحریک انصاف کی چیف الیکشن کمیشنر سے ہونے والی دو ملاقاتوں میں پارٹی کو آئینی حقوق کے تحفظ کی یقین دہانی کروائی گئی مگر فیصلہ اس کے برعکس ثابت ہوا،

الیکشن کمیشن کے فیصلے کی روشنی میں "بلا" تحریک انصاف کا انتخابی نشان تھا، ہے اور "بلے" کا نشان بیلٹ پیپر پر آئندہ بھی رہے گا،

عمران خان چیئرمین پی ٹی آئی تھے، چیئرمین پی ٹی آئی ہیں اور انشاءاللہ تاحیات چیئرمین پی ٹی آئی رہیں گے،

مخالفین کے عمران خان کو مائنس کرنے یا تحریک انصاف سے "بلے" کا نشان واپس لینے کے عزائم کبھی پورے نہیں ہوں گے،

الیکشن کمیشن فیصلے کو مناسب فورم پر چیلنج کیا جائے گا جو کہ تحریک انصاف کا قانونی حق ہے،

انٹرا پارٹی انتخابات کے حوالے سے چیئرمین عمران خان کی ہدایات کی روشنی میں کور کمیٹی آئندہ لائحہ عمل طے کرے گی،

تحریک انصاف کا ہر عمل آئین و قانون کے مطابق ہے عدلیہ سے امید ہے کہ آئینی و قانونی تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے اس فیصلے کے ہر پہلو کا جائزہ لیا جائے گا،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ